23مارچ1940ءکی قراردادِلاہورکی روح کے مطابق تمام صوبوں کومکمل صوبائی خودمختاری دی جائے،الطاف حسین

یوم پاکستان کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کودلی مبارکباد

لندن۔۔۔22،مارچ2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو یوم پاکستان کی دلی مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ 23مارچ1940ءکی قراردادِلاہورکی روح کے مطابق تمام صوبوں کومکمل صوبائی خودمختاری دی جائے۔یوم پاکستان کے موقع پرایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان لازوال قربانیوں اور جدوجہد کے بعد حاصل ہوا ہے اور ملک موجودہ نازک ترین حالات بھرپور قومی یکجہتی اور اتحاد کا تقاضا کررہے ہیں،یوم پاکستان کے موقع پرہمیں قومی سلامتی وبقاء،جمہوریت کے فروغ،ملکی استحکام،اتحادواتفاق،دہشت گردی کے خاتمے اور ایک دوسرے کے وجودکو برداشت کرنے کا عزم کرنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ اتحاد میں ہی برکت ہے اور قومی یکجہتی کوصوبائیت میں تقسیم کرنا قومی سلامتی کے خلاف ہے اوراس وقت ملک جن حالات سے گزررہا ہے اس میں ایک قوم کے تصورکواجاگرکرنے کی اشدضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس میں تمام قومیتوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں اوراس کے پلیٹ فارم سے پاکستانی قوم کے تصورکوعملی طور پر اجاگرکیا جارہا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہمیں کامل یقین ہے کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور پاکستان میں حق پرستی کا سورج ضرورطلوع ہوگا اور ملک بھر کے عوام کو23مارچ1940 کی قراردادلاہور کے مطابق حقوق میسرآئیں گے۔

☆☆☆☆☆